مجلّہ طالبان

مجلّہ طالبان
جلد 11، شمارہ 4 ذوالقعدہ 1447ھ بمطابق مئی 2026ء



پاکستان امریکہ تعلقات تاریخ کے آئینے میں

"ڈرافٹ فار پاکستانی پرائم منسٹر"

لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُونَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

میری امت کا ایک گروہ مسلسل حق پر رہتے ہوئے جنگ کرتا رہے گا، قیامت تک وہی غالب رہیں گے۔

(صحیح مسلم)

جہادِ پاکستان کا داعی، مجلہ طالبان

فہرست مضامین

ثالث ملک یا شادی خانہ؟

ادار یہ

حال ہی میں آپ نے دیکھا ہو گا کہ پاکستان کو حالات کے پیش نظر ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات کی ثالثی کا رول ملا۔ گو کہ یہ امریکہ کی مرضی تھی کہ مذاکرات ہوں اور امریکہ کو شاید کہیں نہ کہیں نظر آیا ہو گا کہ ایران مذاکرات میں ان کے مطالبات مان لے گا، جس کیلئے ایک میدان کی ضرورت تھی، لہذا کٹھ پتلی وزیر اعظم سے ٹویٹ کروائی گئی اور پھر میدان لگوایا گیا۔ آس پڑوس کے مما لک میں ایران کے تعلقات اور خلیجی مما لک میں حالت جنگ کے باعث پاکستان کو یہ موقع ملا کہ وہ مذاکرات کے میدان کے طور پر استعمال ہو۔

مگر جیسا کہ ہم سالہا سال سے دیکھتے آرہے ہیں کہ یہاں قیادت کی نااہلی، سیاسی اختلافات، فوج کی سیاست میں مداخلت اور ناقص میڈیا کارکردگی سمیت کئی ایسی وجوہات ہیں کہ ایسے مواقع پر بلنڈرز سامنے آتے ہیں۔ اب ان مذاکرات کے دوران کیا بلنڈرز سامنے آئے، اس کا خلاصہ بیان کیے دیتے ہیں۔

سب سے پہلے تو وزیر اعظم سے لیکر ادنی سے ادنی چاپلوس یوٹیوبر تک یہ کہتے نہیں تھک رہے تھے کہ بس اب تو "پاکستان اب ایک پہنچا ہوا ملک بن گیا۔" گو کہ اب مذاکرات بھی شروع نہیں ہوئے تھے کہ حاکم پارٹی نے مخالف پارٹی کو زیر کرنے اور فوجی حامیوں نے آرمی چیف (جس کا اس سب میں نہ تو کوئی کردار تھا اور حسب دستور جمہوری مما لک نال کوئی کردار ہونا چاہیے تھا) کا قد او نچا دکھانے کی حتی الوسع کوشش کی۔ حالانکہ یہاں بھی ایرانی وفد کے سامنے وردی پہن کر ڈنڈا لیکر اور امریکی وفد کے سامنے ایک ہوٹل سرور کی طرح پیش آنے پر ان پر خوب تنقید ہوئی۔

اسی طرح گویا کہ صحافیوں کو وزیر اطلاعات نے یہ وظیفہ سونپا ہوا تھا کہ مذاکرات کی نہیں، بلکہ وزارت اطلاعات کی جانب سے مذاکرات کے مراکز میں کیے گئے انتظامات کی کوریج کرنی ہے اور یہ کہنا ہے کہ مفت وائی فائی لگی ہے، کرسیاں بہترین ہیں، کھانا لذیذ ہے، انگریز صحافی آئے ہیں اور وزیر اطلاعات صاحب نے بہت ہی کم وقت میں ایسے انتظامات کیے ہیں کہ کیا کہنے؟۔ حالانکہ یہ سب کیا جانا ایک معمول ہے۔ میڈیا پر یہ بھی دیکھنے کو ملا کہ مذاکرات کے میزبان ملک کے سرکاری صحافی انگلش اور حتی کی بھارتی ذرائع ابلاغ کا حوالہ دیکر خبریں بریک کر رہے ہیں، جس کا صاف مطلب یہ تھا کہ صحافیوں کو بلکہ خود وزارت اطلاعات کو خاطر خواہ معلومات میسر نہیں تھیں، ورنہ خبر بریک ہونے پر تعریفی جملے ضرور سننے کو ملتے۔ یہاں تک کہ امریکی نائب صدر کی پریس کانفرنس تک کسی کو بیس گھنٹوں میں یہ تک معلوم نہ ہو سکا کہ مذاکرات کی کامیابی یا ناکامی کی کیا صورتحال ہے؟۔

ایسے میں اشرفی صاحب کیسے خاموش رہ سکتے تھے؟ انہوں نے تو آرمی چیف کی تعریفیں کرتے کرتے ایران اور

اسرائیل کو "دو بھائی" قرار دیا۔ نعوذ باللہ۔

اسلام آباد کی میزبانی کے پہلے منٹ سے لیکر آخری لمحات تک میڈیا پر جو خبریں سامنے آئیں، میمز کا طوفان اُمڈ آیا، خواتین کے لباس کا مسئلہ سامنے آیا، طرح طرح کی غیر مصدقہ اور جھوٹی خبروں کا سلسلہ چلتا رہا، اس سب سے یہ معلوم ہو رہا تھا کہ یہ ایک بہت بڑی جنگ کے دوران مذاکرات کیلئے ثالث ملک نہیں بلکہ ایک شادی خانہ ہے۔ حالانکہ ہم نے قطر کو امارت اسلامیہ افغانستان-امریکہ اور حماس-اسرائیل مذاکرات کا میزبان بنتے دیکھا ہے، افغانستان کو پاکستانی فوج اور تحریک طالبان پاکستان کی میزبانی کرتے دیکھا ہے، یہاں تو یہ نااہلیاں اور بے وقوفیاں سامنے نہیں آئیں۔ ایسا صرف پاکستان میں ہوتا ہے اور اس کی وجہ وہی نااہلیاں، سیاسی محاذ کی کمزوری اور فوجی مداخلت ہے۔





اسلام کا دستور

از بصائر و عبر/ علامہ یوسف بنوری رحمہ اللہ

دین اسلام یا شریعت اسلامیہ نام ہے اس عالمگیر نظام انسانیت کا جس میں تکمیلِ انسانیت کے کسی گوشہ کو نظر انداز نہیں کیا گیا، خالق سے رشتہ ہو یا مخلوق سے اور وہ بھی شخصی زندگی سے متعلق ہو یا اجتماعی زندگی سے، غرض عبادات ہوں یا معاملات، معیشت و معاشرت ہو یا احوال و اخلاق و اعمال ان سب کے لئے ایک علمی دستور اور ایک مقصد و نصب العین ہے، دین اسلام کا علمی دستور قرآن حکیم اور مقصود رضائے الٰہی ہے۔

قرآن حکیم انسانیت کی تکمیل چاہتا ہے اور اس کے لئے اس نے اسلام کے بنیادی اصول واحکام اور اساسی اغراض و مقاصد انتہائی محیر العقول اور معجزانہ اسلوب بیان کے ساتھ واضح کر دیئے ہیں، ان مقاصد و احکام کے سلسلہ بیان میں وہ مظاہر فطرت اور آثار قدرت کو بھی اگر بیان کرتا ہے تو اس کا مقصود بھی یہی ہے کہ انسان کے فکری اور اعتقادی پہلوؤں کی تکمیل کی جائے، اگر وہ تاریخی حقائق بیان کرتا ہے تو اس کی غرض بھی یہی ہوتی ہے کہ ان عبرت انگیز وقائع تکوینی اور آیات الٰہیہ سے انسانی بصیرت و اعتبار کی تربیت و تکمیل کی جائے، اگر احکام الٰہیہ کا ذکر ہو گا تو اس سے بھی یہی مراد ہو گی کہ اشرف المخلوقات انسان کو اکرم المخلوقات بنانے کی تدبیر ہو جائے، ذات و صفات کی توحید و کمال کا بیان ہو یا تذکیر و موعظت کی داستان، قانون عدل و انصاف کی تنظیم و تفصیل ہو یا اصول و احکام کی تمہید و انضباط، ان سب ہی سے انسان کو انسانیت کی معراج کمال تک پہنچانا مقصود ہے۔

قرآن کریم نہ تاریخی کتاب ہے کہ محض واقعات کی تفصیلات ہی بیان کرتا رہے اور نہ طبیعی نوامیس کی تفصیل بیان پر مشتمل کتاب طبیعات ہے کہ محض علمی اور ذہنی عیاشی کے افسانوں میں وقت ضائع کرے، وہ تاریخ کی روح پیش کرتا ہے اور طبیعات کے عقلی و فکری نتائج بیان کرتا ہے جن سے توحید الٰہی، خلق و ربوبیت کے حقائق انسان کے دل و دماغ میں پیوست ہوں اور روح کو پاکیزگی حاصل ہو تا کہ وہ نظام عالم میں خلیفہ اللہ کے منصب اعلیٰ کے تقاضوں کو پورا کرنے کا اہل بن جائے، قرآن اگر کائنات میں غور کرنے کی دعوت دیتا ہے تو اس کی غرض و غایت یہی ہوتی ہے کہ انسانی ذہن و فکر کے سامنے اللہ تعالیٰ کی معرفت کا راستہ کھل جائے اور اس غور و فکر کے بصیرت آموز نتائج سے ایمان بالغیب کی تائید اور پرورش ہو، اس لئے کہ ان حقائق کونیہ اور حقائق الٰہیہ میں غور و خوض سے ایمان قوی ہو گا، وہ ان کی طرف محض علم و فن کی حیثیت سے کبھی دعوت نہیں دیتا کہ محض فن کو مقصد بنالیا جائے۔

قرآن کے بعض جدید مفسرین کو اس سلسلہ میں بڑی غلط فہمی ہوئی ہے، انہوں نے ان موضوعات میں قرآنی مباحث کی تفسیر اور ان مباحث کی نہایت و غرض بیان کرنے میں بڑے غلو سے کام لیا ہے اور یہ حقیقت ان کی نگاہوں سے اوجھل ہو گئی ہے کہ قرآن اگر ان طبیعیات میں غور و فکر کی دعوت دیتا ہے تو اس کا مقصد بھی معرفت الٰہی تک پہنچنا ہے اور اگر کسی جگہ ان طبیعی وسائل کو دائرہ عمل میں لانے کی طرف متوجہ کرتا ہے تو

اس کی غرض وغایت یہی ہوتی ہے کہ ان وسائل کو خدمت خلق کا ذریعہ بنایا جائے صرف مال و دولت اور ثروت کا ذریعہ نہ بنایا جائے، ظاہر ہے کہ ذات وصفات الہی کے بحر بیکراں میں شناوری کا صرف یہی ایک راستہ ہے کہ انسان ان حقائق میں غور کرے تاکہ اس وادی میں اس کی فکر و نظر کی صلاحیتیں زیادہ وسیع ہوں اور اس کے سامنے معرفت الہیہ کے نئے نئے ابواب کھلیں اور جب اس طرح قلب وروح کی تربیت ہو جائے اور انسانیت کا صحیح شعور بیدار ہو جائے تو عملی دائرہ کا صحیح مقصد بھی خود بخود متعین ہو جاتا ہے۔



اولیاء اللہ اور اولیاء الشیطان

موسی بن نصیر

اللہ تعالی نے خلق انسانیت کی ابتدا سیدنا حضرت آدم علیہ السلام سے کی۔ آپ علیہ السلام کے وجود کے ساتھ ہی وہ عظیم معرکہ شروع ہوگیا جس میں ایک گروہ ہمیشہ ہمیشہ کی جنت یا ہمیشگی کی جہنم کا مستحق بنے گا۔

چنانچہ شیطان ابلیس نے سب سے پہلے ہمارے جد امجد حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے نکالنے کی سعی کی اور پھر دنیا میں آکر نسل آدم میں قتل و فساد کی بھرپور کوشش کی جس کا پہلا نتیجہ قابیل کے قاتل بننے کی صورت میں ظاہر ہوا۔

اور آج تک یہ شیطانی سلسلہ نا صرف جاری ہے بلکہ اپنے شیطانی چیلوں خواہ انس ہو یا جن یہ باہمی نفرت کا سلسلہ پھیلانے میں پوری سعی خرچ کررہے ہیں

جہاں اللہ تعالی نے ہابیل کے قتل کا واقعہ ذکر کیا ساتھ ہی آیات جہاد کو ذکر کیا، مفسرین فرماتے ہیں ان دونوں میں ایک ربط ہے وہ یہ کہ اگر قتل ناحق سے بچنا چاہتے ہو انسانیت کو قتل فساد سے روکنا چاہتے ہو تو جہاد کا راستہ اختیار کرو

اور شیطان لعین جس نے کئی اقوام کا عروج وزوال دیکھا کے کئی سویلائیزیشن کو بنتے بگڑتے دیکھا ہے اس مکار نے ہمیشہ اسلام و انسانیت پر حملہ آور ہونے کے لیے نت نئے ہتھیار ایجاد کیے۔

مقصد وہی بس پیکنگ نئی۔

جس طرح ماضی میں قوم، رنگ، نسل کی بنیاد پر اقوام کو ایک دوسرے کے خلاف بھڑکایا جس کو اسلام نے جاہلیت / کفر سے تعبیر کیا۔

فتح مکہ کے موقع پر حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کو کعبہ پر اذان دلوا کر یہ پیغام دے دیا کہ کسی عربی کو عجمی یا گورے کو کالے پر فضیلت نہیں۔

جب بعض افراد میں یہ نعرے بلند ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سب بنی آدم ہو، کسی کو کسی پر کوئی فضیلت نہیں بجز تقوی کے۔

آج شیطان اور اس کے آلہ کاروں نے یہی جاہلیت و ظلم و ستم کی جنگ وطن کے نام پر شروع کر رکھی ہے۔

سائیکس پیکو کی لکیریں کھینچ کر ایک دوسرے سے محبت و نفرت کے معیار مرتب کیے ہیں۔ جیسے ماضی میں ہر قوم کا جھنڈا ہوتا تھا آج اس کی جگہ اس وطن نے لے رکھی ہے ہر وطن کا ایک جھنڈا ہے جسے سلامی دی جاتی ہے پوجا جاتا ہے اس کے دفاع میں مرنے مارنے کی قسمیں کھائی جاتی ہیں

اپنے مسلمان بھائی سے نفرت کا معیار یہ ٹھہرتا ہے کہ وہ ان فرضی لکیروں کے اس پار رہتا ہے یا دریا کے اس پار رہتا ہے یا اس کی زبان الگ ہے۔

اور ان سب میں عوام کو الجھا کر غلام ابن غلام یعنی ہماری ریاستیں لوٹ کھسوٹ و ظلم و ستم کا بازار گرم رکھتی ہیں۔ ان کے دل میں جو اسلام سے نفرت و بغض بھرا پڑا ہے، کہیں نا کہیں ان کے اقوال و افعال سے ظاہر ہوتی رہتی ہے وگرنہ ان کا بس چلے تو انا ربکم الاعلی کا اعلان کرتے پھریں۔

جہاں ایک طرف یہ دین بیزار اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمن، عوام کا دشمن، ظالم، جابر متکبر و غداروں کا ٹولہ ہے وہیں دوسری طرف وہ پاکیزہ نفوس ہیں جو اس حدیث کے مصداق ہیں

لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُونَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: "میری امت کا ایک گروہ مسلسل حق پر رہتے ہوئے جنگ کرتا رہے گا، قیامت تک وہی غالب رہیں گے۔"[صحیح مسلم/کتاب الإمارة

وطن عزیز میں جاری ظلم و کفر کے آگے کسی نے بند باندھا ہے یا بریک لگائی ہے تو وہ، یہی مجاہدین کرام ہیں جنہوں نے ہمارے دین، جان، عزت و مال کے تحفظ کی خاطر ان سے صف آرا ہیں۔

ہمارے وطن میں یہ معرکہ جاری ہے

ایک طرف اولیاء اللہ ہیں تو دوسری طرف اولیاء الشیطان۔

پاکستان مین جاری اس معرکہ کا باقاعدہ آغاز دو ہزار کے اوائل میں ہوا جب اس شیطانی ریاست نے قبایل و مجاہدین کو اس جرم کی سزا دی جو اس ریاست کی نظر میں ناقابل برداشت گناہ تھا، اور اس جرم کی بنا پر کبھی فتنہ خوارج تو کبھی ہندوستان تو کبھی شرپسند تو کبھی دہشتگرد کے القابات دیکر نوازا گیا۔

یہ وہ جرم تھا یعنی امارت اسلامیہ افغانستان پر امریکی حملے کے بعد مہاجر مجاہدین کو پناہ دینا اور امریکہ شیطان کے خلاف مبارک جہاد میں حصہ ڈالنا۔۔

اب ذرہ اپنے دل و دماغ کو خالی کر کے بتائیں ان دو گروہوں میں کون سا مجاہدین کا گروہ تھا کون سا خوارج کا؟

کون اسلام کے لیے لڑ رہا تھا کون ڈالروں کے لیے۔

کون اپنی ماؤں بیٹیوں تک کو ڈالر کے عوض بیچ آیا اور کس نے اپنی جانیں قربان کر کے اسلام کا دفاع کیا۔۔۔

صورتحال اب بھی یہی ہے بس کردار بدل گئے ہیں وہی مشرف فرعون کی دھمکیاں وہی ملک دشمنی کے سرٹیفکیٹ وہی بش و ٹرمپ کی تھپکیوں و شاباشیوں پر چاپلوسیاں

اور دوسری طرف وہی پاکیزہ نفوس جن میں کبھی ملا عمر آتے ہیں تو کبھی شیخ اسامہ کبھی بیت اللہ محسود آتے ہیں تو کبھی کوئی اور۔

کبھی عرب مہاجر شہزادے کی خاطر وطن قربان کر دیا جاتا ہے تو کبھی پاکستانی و چینی مہاجرین کے خاطر بم بارود و گولے برداشت کیے جاتے ہیں۔

یہ معرکہ آج بھی جاری ہے۔

کیا یہ جاننا مشکل ہے کہ کون حق پر ہے اور کون باطل پر ؟

کس نے ملک کے ہزاروں نوجوانوں کو لاپتہ کیا؟

کس نے ملک میں فحاشی و عریانی کے قحبہ خانے، سینما، ریسٹ ہاؤس آباد کیے ؟

کہاں آج بھی بھرتی ہونے کے بعد قزع (فوجی کٹنگ) کرانا ضروری ہے جس کو کرانے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے

کس نے ملک کی زرعی زمینوں کو بیچ کر ڈی ایچ اے و سوسائیٹیاں بنائیں۔۔

کون آئے دن عدالتوں میں واضح غیر اسلامی و غیر شرعی قانون نافذ کرتا اور ان پر فیصلے کرتا ہے۔

کون پارلیمنٹ میں بیٹھ کر یہ جاہلی و لادین قوانین سازی

کرتا ہے۔۔۔

یہ شیطانی تکون فوج سیاست دان و عدلیہ اس ملک پر مسلط وہ شیطانی طبقہ ہے جس کی رگ رگ میں دین سے نفرت پیسے کی محبت و کفر کی غلامی رچی بسی ہوئی ہے۔

فوج اس میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے ان سب کو تحفظ دیکر اور عملا اقدام اٹھا کر جب کہ عدالتیں و اسمبلیاں غیر اسلامی قانون سازیوں میں مصروف رہتی ہیں اور رہے سیاست دان تو وہ عوام کو بیوقوف بنانے اور مصروف رکھنے کے کام پر معمور ہوتے ہیں۔

آرمی چیف، چیف جسٹس یا کسی جماعت کے گمراہ قاید تو دور آپ کسی نچلی سطح کے ڈی سی کو دیکھ لیں، اندازہ ہوجائے گا کہ اس طبقہ کا اسلام یا اس سرزمین و روایات سے کتنا تعلق ہے۔۔۔

آج مجاھدین اسی شیطانی طبقہ کے خلاف صف آرا ہیں جیسے 90 کی دہائی میں افغان عوام نے ملا عمر رحمہ اللہ کی قیادت میں صف آرا ہوئے اور پھر امارت اسلامیہ کی بنیاد کا سبب بنی۔ یہ معرکہ بھی کوئی مختلف نہیں اسی تسلسل کی ایک کڑی ہے جس میں کبھی ابو جندل رضی اللہ عنہ آتے ہیں تو کبھی خوارزمی کبھی ایوبی تو کبھی غوری و غزنوی رحمہم اللہ سید احمد و شاہ اسماعیل شہید کے یہ روحانی فرزند آج اس باطل شیطانی فرسودہ نظام سے برسرپیکار ہیں، آیئے اپنے دل و جان سے ان کی نصرت کیجیے، اپنی دعاؤں میں ان کو یاد رکھیے اور ان کے اور اپنے دشمن کو پہچانیے اس فرعونی شیطانی حکومت و اداروں سے براءت کا اعلان کیجیے اور جانے انجانے میں اس باطل دجالی نظام کا شکار نہ ہوں۔

اللہ تعالی تمام مجاھدین جو بھی ہیں جہاں بھی ہیں ان کی نصرت فرمائے آمین۔





تبلیغ سے شہادت تک _ کمانڈر ماماجان

جمع و ترتیب: عبد الصمد الشامی

محمد جان عرف ماماجان شہیدؒ ولد عبد اللہ جان، ولسوالی پروا کے غیور نوجوانوں کے لیے ہدایت کا وہ روشن اور چمکتا دمکتا چراغ تھے جنہوں نے 1978میں ولایت ڈیرہ اسماعیل خان کی ولسوالی پروا کے علاقے جھوک منگل میں آنکھ کھولی۔ آپؒ دینی اور عصری تعلیم سے آراستہ نہیں تھے۔ آپؒ لڑکپن ہی سے دنیاداری میں مشغول ہو گئے تھے۔ اپنے ہی گاؤں میں ایک چھوٹا سا ہوٹل کھول رکھا تھا۔

جوانی میں آپؒ کو تبلیغی جماعت سے جڑنے اور جماعت میں وقت لگانے کا جذبہ پیدا ہوا۔ 1998میں آپؒ کا نکاح ہوا، اور شادی کے بعد آپؒ کا دینی رجحان بڑھنے لگا اور تبلیغ میں چلہ اور چار مہینے لگانے لگے۔ یوں تشکیلوں کا یہ سلسلہ چلتا رہا۔

پھر ہوا نے رخ بدلا۔ اللہ پاک نے آپؒ کو اپنے دینِ متین کے لیے چننا تھا۔ سنہ 2007میں آپؒ کے گاؤں سے سہ روزے کی ایک جماعت تیار ہوئی جس کی تشکیل بستی کھوئی پیور (جہاں آج مجاہدین کا کنٹرول ہے اور جہاں ماماجان کا اپنا جہادی مرکز ہے) کی ایک مسجد (جو کلی مسجد کے نام سے مشہور ہے) میں ہوئی۔ اس تشکیل نے آپؒ کی نئی منزل کا انتخاب کرنا تھا۔

اسی تشکیل کے توسط سے آپؒ کے ارادوں اور جذبوں میں وہ تاثیر، ہمت، ولولۂ جہاد اور اپنے گھر کو خیر آباد کہنے کی ہمت آئی جو آج کے مسلمانوں میں اس لیے ناپید ہو رہی ہے کیونکہ طاغوت کی ماتحتی میں حق اور باطل کو پہچاننے کے باوجود محض زندگی میں محویت اور خوفِ باطل کی وجہ سے "قرآن پاک کی زبان میں "زمین پر بوجھل بیٹھے ہیں۔ کچھ کی علمی قابلیت اتنی ہے کہ بخاری شریف جیسی اہم کتب (جو قرآن کریم کے بعد افضل ترین کتاب ہے) کی عبارات کو بغیر اعراب کے پڑھنے کی صلاحیت تو رکھتے ہیں، مگر جہادِ پاکستان آج تک سمجھ نہیں آیا۔ مگر اللہ پاک نے اپنے اس ولی کو ایسی سمجھ بوجھ عطا کر رکھی تھی کہ کلی مسجد کی الماری میں پڑی اردو زبان میں لکھی گئی ایک کتاب (جہادِ پاکستان پر اعتراضات، سوال و جواب) نے کچھ ہی وقت میں جہاد کی فرضیت سمجھادی۔

یہ کتاب آپؒ کے ہاتھ لگی۔ آپؒ کے ساتھ اس وقت دو ساتھی تشکیل والے موجود تھے۔ آپؒ کو چونکہ اردو نہیں پڑھنی آتی تھی، تو آپؒ نے یہ کتاب اپنے ایک ساتھی کو دی اور پڑھنے کا کہا۔ جب کتاب شروع ہوئی تو پتا چلا کہ یہ تو جہاد پر ہے۔

" یہ تو بڑی اچھی چیز ہے یار . . . ! چلو آگے پڑھو۔ "

تھوڑی سی اور پڑھی، امیر صاحب نے دیکھ لیا۔ انہوں نے یہ کتاب رکھنے کو کہا۔ رکھ دی، مگر دل میں بے چینی سی رہی۔ دراصل حق کی مقناطیسی طاقت خالص دلوں کو اپنی طرف کھینچنے کی خوبی رکھتی ہے۔ یہ اخلاص ہی ایک درست مقصدِ حیات کے متلاشی مسلمان کو اس کی منزل دکھادیتا ہے۔

امیر صاحب تھوڑا اِدھر اُدھر ہوئے، پھر ساتھی کو لیا اور کتاب شروع کی۔ پھر امیر صاحب نے دیکھا اور غصہ ہونے لگے تو امیر صاحب سے کہا کہ "امیر صاحب! یہ بہت اچھی کتاب ہے"، مگر امیر صاحب نے پھر رکھوادی۔

اگلی مرتبہ یہ کتاب لی اور ان اردو پڑھنے والے دو ساتھیوں کو ساتھ لیا اور دوسری مسجد چلے گئے۔ وہاں جا کر یہ کتاب پڑھی۔ پھر بھی امیر صاحب غصہ ہوئے۔ پھر آپ بولے کہ "امیر صاحب! آپ تین دن کے لیے امیر ہیں، ہمیں یہ کتاب پڑھنے دیں"، مگر نہیں۔
آخر کار سہ روزہ تبلیغی دورہ ختم ہوا تو آپ یہ کتاب اپنے ساتھ گھر لے گئے۔ وہاں جا کر اس کا مکمل مطالعہ کیا۔ تینوں ساتھیوں نے جہادِ پاکستان کو مکمل سمجھا اور اس پر مطمئن ہو کر جہاد میں شمولیت کا فیصلہ کیا۔
یہ وہ دور تھا جب افغانستان میں نیٹو اور پاکستان میں امریکی غلام فوج دونوں کے خلاف کارروائیاں جاری و ساری تھیں۔ تحریک طالبان کے مراکز میر علی میں ہوا کرتے تھے۔
آپ جہاد میں شمولیت سے لے کر 2018 تک تشکیل لگاتے، پھر واپس گھر آجاتے۔ کبھی چلہ لگاتے تو کبھی چار مہینے۔ ایک وقت تھا جب آپ اپنے مسلمان بھائیوں کو نماز اور دین کی طرف واپس لوٹنے کی ترغیب دیا کرتے تھے، پھر للہ پاک وہ وقت بھی لایا کہ جب آپ نے ایسا راستہ اختیار کیا جو اسلام کی سربلندی اور مسلمانوں کی اخلاقی و معاشرتی بہبود کا سب سے بہترین ذریعہ ہے۔
امت مسلمہ کی مظلومیت اور اسلام کی غربت کو دیکھ کر آپ نے کئی تشکیلات میں اپنی جان اور مال کو صرف رکھا۔ یہ حکیم اللہ محسود شہیدؒ کا زمانہ تھا۔
آپ دس سے گیارہ سال تک اسی طرح مختصر تشکیل لگاتے رہے۔

پھر 2018 میں آپ مطلوب ہو گئے، جس بنا پر آپ کو ہجرت کرنی پڑی۔ آپ ہجرت کر گئے۔ آپ اپنے علاقے کے پہلے شخص تھے جنہوں نے جہادِ پاکستان میں قدم رکھا اور اپنے علاقے میں تحریک طالبان کا بیج بویا۔
اسی وجہ سے آپ کی برکت سے پھر بہت سے نوجوانوں کو جہادِ پاکستان میں شمولیت کی سعادت حاصل ہوئی۔ آپ کی برکت، اخلاص اور فکر سے جہاد کا جذبہ نوجوانوں میں گھر کرتا رہا۔
آپ کو شروع سے ہی تحریک کی طرف سے اپنے علاقے کا امیر مقرر کیا گیا۔ آپ تقریباً دو مرتبہ اپنے علاقے، ولسوالی پروا کے ولسوال بھی رہے، اور اس دوران دشمن اسلام کے لیے گلے کا کانٹا ثابت ہوئے۔
آپ دشمن کے لیے انتہائی سخت اور پرجوش تھے، مگر اپنے ساتھیوں کے لیے ایسے نرم دل، محب، بااخلاق اور باوقار تھے کہ جس کی مثال دوسرے علاقوں کے مجاہدین دیتے ہیں۔ آپ امیر ہونے کے باوجود خدمت کیا کرتے تھے۔ کبھی یہ محسوس نہیں ہونے دیا کہ آپ ذمہ دار ہیں۔
آپ جس مجلس میں بیٹھتے، توجہ کا مرکز بن جاتے۔ ہنس مکھ اور زندہ دل انسان تھے۔ انتہائی عاجز اور سادہ بزرگ مجاہد تھے۔
مجھے یاد ہے رمضان المبارک سے تقریباً آٹھ یا دس دن پہلے ولایت ڈیرہ اسماعیل خان کے والی محترم اور دیگر ذمہ داران ہمارے ہاں تشریف فرما تھے۔ رات کے کھانے کی دعوت تھی۔ کھانے کے بعد عشاء کی نماز پڑھ کر ولایت ڈیرہ اسماعیل خان کے دعوت و ارشاد

کے مسؤل مفتی ہشام صاحب نے بیان کیا۔
بیان کے بعد تقریباً ڈیڑھ سے دو گھنٹے کی مزاحیہ محفل لگی، جس میں ماماجان شہیدؒ نے بہت شغل کیا اور مجاہدین بہت خوش ہوئے۔ دورانِ محفل آپؒ نے رمضان المبارک کی آمد اور اس میں ترتیبات کے حوالے سے فکرمندی کا اظہار کیا۔
آپؒ کی ہجرت کے بعد دشمن نے دو سے تین مرتبہ آپؒ کا گھر گرایا اور دو مرتبہ آپؒ کے بھائیوں کو گرفتار کیا، مگر آپؒ استقامت کا استعارہ بن کر ڈٹے رہے۔
امریکی غلام فوج نے آپؒ کے سر کی چالیس لاکھ قیمت لگا رکھی تھی۔ آپؒ نے انیس (19) سال جہاد کیا۔ ان انیس سال میں آپؒ کو ایک زخم بھی دشمن کی طرف سے نہیں لگا۔
اس آخری رمضان المبارک کے تیسرے روزے، اسلام دشمن فوج نے عین افطاری کے وقت گرنیڈی ڈرون سے گولہ مارا جس سے آپؒ معمولی زخمی ہوگئے۔
آپؒ مجاہدین کے لیے ان کے والد کی مانند تھے۔ مہاجر مجاہدین کی آپؒ بہت قدر اور ان سے بہت محبت کیا کرتے تھے۔ آپؒ نے مہاجر مجاہدین کے ساتھ محبت کا پورا حق ادا کیا۔
ناچیز راقم الحروف بھی مہاجر ہے اور اس محبت کا گواہ ہے۔ آپؒ نے اپنا شخصی اسلحہ اور دوسری شخصی چیزیں مہاجر مجاہدین کے لیے وقف کر رکھی تھیں۔
آپؒ اپنے علاقے میں مقبول ترین شخصیت تھے۔ جو لوگ تحریک کے خلاف بھی تھے تو آپؒ کی خوش اخلاقی، درویشی اور بزرگی سے وہ سب آپؒ سے عقیدت و محبت کا معاملہ کرتے تھے۔
آپؒ اپنے علاقے کے قاضی بھی تھے۔ بہت سے مظلوم لوگوں کو ان کا حق دلوایا۔ شہادت کے بعد آپؒ کے غم میں بہت سے سفید ریش بزرگوں نے آنسو بہائے۔
آپؒ آخری دنوں میں بہت شہادت مانگا کرتے تھے۔
شہادت سے پہلے آپؒ نے اپنا سارا معاملہ صاف کیا، بیت المال کی رقم ساتھی کے سپرد کی، اپنے شخصی اسلحے سے دوسرے مجاہدین کو اسلحہ دیا اور فرمایا:
" میرا پتہ نہیں کب شہید ہو جاؤں، چلو یہ کسی مجاہد کے کام آجائے گا۔ "
آپؒ اپنے عیال سے دور تھے۔ بالآخر وہ وقت آ ہی گیا جس کے لیے گھر کو خیر آباد کہا تھا۔ آپؒ انیس سال اسلام کی خدمت کر کے 15 اپریل 2026 کو درابن کے علاقے کوٹ لالو میں اپنے تین ساتھیوں کے ہمراہ شہادت سے ہم آغوش ہوئے۔
اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین۔
نحسبہ کذا لک واللہ حسیبہ



ڈرافٹ فار پاکستانی پرائم منسٹر

مولانا خالد قریشی

حال ہی میں چونکہ ہمارے ایک پڑوسی ملک کی دنیائے کفر کے دو آقاؤں کے ساتھ جنگ ہے اور اس سلسلے میں فریقین کی جانب سے اسلام آباد کا ایک مذاکراتی دورہ بھی کیا گیا، تو میڈیا پر کوئی اور خبر کیسے چل سکتی ہے، سوائے اس جنگ کے؟۔ لہذا ہم بھی پاکستان اور اس پر مسلط طبقے اور اس جنگ سے جڑے ایک پہلو پر کچھ لکھ دیئے دیتے ہیں، جس کا عنوان "ڈرافٹ فار پاکستانی پرائم منسٹر" سے بہتر ہو ہی نہیں سکتا۔

جیسا کہ تاریخ نے پاکستانی فوج کیلئے صرف یہی ثابت کیا ہے کہ امریکہ کے سامنے اس کی حیثیت ایک غلام، نوکر، ملازم یا ادبی الفاظ میں کہیں تو وفادار کے سوا کچھ نہیں ہے۔ کم از کم جب سے ہم نے ہوش سنبھالا ہے اور پرویز مشرف کے بعد کے آرمی چیفس کو دیکھا ہے تو یہی دیکھنے کو ملا ہے کہ اگر امریکہ چاہتا ہے کہ پاکستانی فوج جنگ میں کود ے تو جنگ میں کود ے گی اور اگر چاہے کہ امن سے رہے تو امن سے رہے گی، اس فوج نے گویا پاکستان کو مغرب کی مرضی سے چلنے والی کالونی بنا رکھا ہے۔ نائن الیون کے بعد ایک ٹیلیفون کال پر اڈے فراہم کرنا، افغانستان پر حملوں کیلئے زمینہ سازی کرنا، افغان سفیر و دیگر حکام کو گرفتار کرکے امریکہ کے حوالے کرنا اور پھر پاکستان کی حدود میں قبائلی علاقوں میں امارت اسلامیہ افغانستان کے مجاہدین کیخلاف آپریشنز اور ڈرون حملے کرنا۔۔۔ (جس کے دفاع میں تحریک طالبان پاکستان وجود میں آئی اور آج تک اسی دفاع میں برسرپیکار ہے) اور اب 2026ء میں امریکی صدر کی خوشنودی کیلئے بگرام ہوائی اڈے کو نشانہ بنانا، یہ سب ہمیں یہی دکھلاتا ہے کہ یہاں وہی ہوتا تھا، ہوتا ہے اور ہوتا رہے گا، جس سے امریکہ خوش ہوگا۔

اب حال ہی میں جب امریکہ کو لگا کہ ایران کے ساتھ بات چیت ہونی چاہیے تو اس کا ٹاسک بھی اسی وفادار کو دیا گیا اور ٹویٹ پہ ٹویٹ ہوتے رہے کہ جنگ بندی ہونی چاہیئے۔ باہر کی دنیا تو کیا خود پاکستانی حیران تھے کہ یہ ہماری حکومت کو کیا ہوگیا ہے؟ مگر جلد ہی "ڈرافٹ فار پاکستانی پرائم منسٹر" نے پورے معاملے کا ڈراپ سین کردیا اور اس سے دنیا نے یہی معلوم کیا کہ کٹھ پتلی وزیراعظم کی کاوشوں کے پیچھے کسی اور کا ہاتھ تھا۔ یہاں قریبی ممالک میں ایران کے خراب تعلقات اور بعض ممالک کے حوالے سے امریکی عدم رضائیت نے حالات یوں بنائے کہ یہ مذاکرات پاکستان میں ہوں، جس کیلئے پاکستان پر مسلط طبقے کا خوب استعمال کیا گیا۔

پاکستانی مبصرین، سوشل میڈیا صارفین اور عام شہری اس بات پر بھی حیران تھے کہ ابھی مذاکرات شروع ہوئے ہی نہیں ہیں اور فوجی حامی میڈیا پر کامیابی کامیابی کے نعرے لگائے اور لگوائے جارہے ہیں۔ پھر جب مذاکرات بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوئے بھی تو یہی سلسلہ جاری رہا اور خود کٹھ پتلی وزیراعظم اپنے منہ میاں مٹھو بن رہے تھے۔ یعنی امریکی حکام کا یہاں آنا، ان کے ساتھ بات چیت کرنا اور خود کو ان کے قریب پانا ہی اتنی بڑی سعادت بن گئی کہ ایران جلتا رہے، جنگ جاری رہے مگر

ہماری جو موجیں لگنی تھیں لگ گئیں۔

اپنا تو ان کا یہ حال ہے کہ مالی اور سیکیورٹی مسائل کے باعث پاکستان سپر لیگ کا شیڈول تبدیل کر کے چھ شہروں سے دو تک لا کر بند دروازوں کے پیچھے کروانا پڑا، پارلیمنٹ سے لیکر اسکولز تک تمام اداروں کی آمد و رفت معطل رہی۔ افغانستان کے ساتھ جاری جنگ ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی، بلکہ خود چین میں ایک فریق کے طور پر موجود ہے، مگر چل پڑے ایران اور امریکہ کی صلح کروانے۔

اہلیان پاکستان کی پاکستان کے ساتھ محبت دیدنی ہے مگر انہیں جان لینا چاہیے، جیسا کہ ایک بڑی تعداد یہ جان بھی چکی ہے، کہ جب تک یہ نظام حاکم ہے، یہ فوج اور سیاسی خاندان حاکم ہیں، تب تک ان سے بہتر کی توقع رکھنا ایک دھوکہ ہے۔ ان کی حیثیت یہی ہے کہ امریکی نائب صدر کے سامنے فوجی وردی میں جانے سے کتراتے ہیں اور بس۔ اگر آپ کو صحیح نظام چاہیئے، وقار اور حقیقی عزت چاہیئے تو اس نظام کو تبدیل کرنا ہوگا۔



حج ایک عاشقانہ سفر

خورشید عالم داؤد قاسمی

از: ماہنامہ دارالعلوم دیوبند

حج کی فرضیت

حج اسلام کے پانچ ارکان میں سے ایک ہے جن پر اسلام کی بنیاد ہے۔ حج کی فرضیت قرآن کریم، حدیث شریف اور اجماعِ امت سے ایسے ہی ثابت ہے، جیسا کہ نماز، روزہ اور زکاۃ کی فرضیت ثابت ہے؛ اس لیے جو شخص حج کی فرضیت کا انکار کرے، وہ کافر ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

(”وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلاً وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ اللّهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ)

ترجمہ: اور اللہ کے واسطے لوگوں کے ذمہ اس مکان کا حج کرنا ہے، یعنی اس شخص کے جو کہ طاقت رکھے وہاں تک کی سبیل کی اور جو شخص منکر ہو؛ تو اللہ تعالیٰ تمام جہاں والوں سے غنی ہیں“۔ یہ آیت کریمہ حج کی فرضیت کے حوالے سے نص قطعی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پانچوں ارکان کو ایک حدیث شریف میں بیان فرمایا ہے۔ ”بُنِيَ الإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللَّهِ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالحَجِّ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ“ (بخاری شریف، حدیث نمبر: ۸)

ترجمہ: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔ اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، نماز قائم کرنا، زکاۃ دینا، حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا“۔

ایک عاشقانہ سفر

انسانی طبیعت یہ تقاضہ کرتی ہے کہ انسان اپنے وطن، اہل و عیال، دوست و رشتہ دار اور مال و دولت سے انسیت و محبت رکھے اور ان کے قریب رہے۔ جب آدمی حج کے لیے جاتا ہے؛ تو اسے اپنے وطن اور بیوی و بچے اور رشتے دار و اقارب کو چھوڑ کر اور مال و دولت خرچ کر کے جانا پڑتا ہے۔ یہ سب اس لیے کرنا پڑتا ہے کہ حج کی ادائیگی شریعت کا حکم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شریعت نے حج کے حوالے سے بہت ہی رغبت دلائی ہے، انسان کو کعبہ مشرفہ کے حج و زیارت پر ابھارا، مہبط وحی و رسالت کے دیدار کا شوق بھی دلایا ہے اور سب سے بڑھ کر شریعت نے حج کا اتنا اجر و ثواب متعین فرمایا ہے کہ سفر حج ایک عاشقانہ سفر بن جاتا ہے۔ ذیل کے سطور میں، حج کا اجر و ثواب احادیث شریفہ کی روشنی میں، ملاحظہ فرمائے!

حج انتہائی نیک عمل ہے

حضرت ابو ہریرہ –رضی اللہ تعالیٰ عنہ– بیان کرتے ہیں: ”سُئِلَ النَّبِيُّ – صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ – أَيُّ الأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: ”إِيمَانٌ بِاللهِ وَرَسُولِهِ“ قِيلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: ”جِهَادٌ فِي سَبِيلِ اللهِ“ قِيلَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: حَجٌّ مَبْرُورٌ“. (بخاری شریف، حدیث نمبر: ۱۵۱۹) ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ کون سے اعمال اچھے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا“ پوچھا گیا پھر کون؟ فرمایا: ”اللہ کے راستے میں جہاد کرنا“۔ پوچھا گیا پھر کون؟ ارشاد فرمایا: ”حج مبرور“۔

رسول پر ایمان لانا"۔ پوچھا گیا پھر کون؟ فرمایا: "اللہ کے راستے میں جہاد کرنا"۔ پوچھا گیا پھر کون؟ ارشاد فرمایا: "حج مبرور"۔

حج مبرور کیا ہے؟

وہ حج جس کے دوران کوئی گناہ کا ارتکاب نہیں ہوا ہو۔
وہ حج جو اللہ کے یہاں مقبول ہو۔
وہ حج جس میں کوئی ریا اور شہرت مقصود نہ ہو اور جس میں کوئی فسق و فجور نہ ہو۔
وہ حج جس سے لوٹنے کے بعد گناہ کی تکرار نہ ہو اور نیکی کا رجحان بڑھ جائے۔
وہ حج جس کے بعد آدمی دنیا سے بے رغبت ہو جائے اور آخرت کے سلسلہ میں دلچسپی دکھائے۔

حج مبرور کی فضیلت

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "الْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا، وَالْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ"
(بخاری شریف، حدیث: ۱۷۷۳، مسلم شریف، حدیث (۱۳۴۹)-۴۳۷)
ترجمہ: "ایک عمرہ دوسرے عمرہ تک ان (گناہوں) کا کفارہ ہے، جو ان دونوں کے درمیان ہوئے ہوں، اور حج مبرور کا بدلہ صرف جنت ہے"۔

حج پچھلے سارے گناہوں کو مٹا دیتا ہے

ابن شماسہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، جب کہ وہ قریب المرگ تھے۔ وہ کافی دیر تک روئے، پھر انھوں نے اپنا چہرہ دیوار کی طرف کرلیا۔ اس پر ان کے صاحبزادے نے چند سوالات کیے۔ پھر انھوں نے (اپنے اسلام قبول کرنے کی کہانی سناتے ہوئے) فرمایا: جب اللہ نے میرے قلب کو نور ایمان سے منور کرنا چاہا؛ تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا داہنا دست مبارک پھیلائیں؛ تاکہ میں بیعت کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھیلایا۔ پھر میں نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمرو! تجھے کیا ہوا؟ میں نے کہا: میری ایک شرط ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری کیا شرط ہے؟ میں نے کہا: میری مغفرت کردی جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الإِسْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ؟ وَأَنَّ الْهِجْرَةَ تَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهَا؟ وَأَنَّ الْحَجَّ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ؟ (مسلم شریف، حدیث: ۱۲۱- ۱۹۲)
ترجمہ: "کیا تمہیں نہیں معلوم کہ اسلام (قبول کرنا) پہلے (کے تمام گناہوں) کو مٹا دیتا ہے؟ ہجرت گزشتہ گناہوں کو مٹا دیتی ہے اور حج پہلے (کے کیے ہوئے گناہوں) کو مٹا دیتا ہے"۔

ایک حدیث میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ حَجَّ لِلَّهِ فَلَمْ يَرْفُثْ، وَلَمْ

يَغْسُـــقْ، رَجَـعَ كَيَـــوْمِ وَلَـدَتْهُ أُمُّــهُ“
(بخاری شریف، حدیث نمبر:۱۵۲۱)
ترجمہ: ”جس شخص نے اللہ کے لیے حج کیا اور اس نے (اس دوران) فحش کلامی یا جماع اور گناہ نہیں کیا؛ تو وہ (حج کے بعد گناہوں سے پاک ہو کر اپنے گھر اس طرح) لوٹا، جیسا کہ اس کی ماں نے اسے آج ہی جنا ہو“۔

”رفث“ کا معنی جماع، ہم بستری اور جو کچھ بھی شوہر و بیوی کے درمیان حالت جماع میں ہوتا ہے، جیسے بوس وکنار وغیرہ کے ہیں۔ ابو عبیدہ نے فرمایا: ”رفث“ کا مطلب ”فحش کلامی“ ہے۔ پھر کنایۃ جماع اور متعلقات جماع کے معنی میں استعمال ہونے لگا۔ (الموسوعہ الفقہیہ الکویتیہ ۲۲/۲۷۵)

مسئلہ: حالت احرام میں جماع کرنا فقہاء کرام کے نزدیک بالاتفاق حرام ہے۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے: ”فَمَـنْ فَـرَضَ فِيهِـنَّ الْحَـجَّ فَلَا رَفَـثَ وَلَا فُسُـوقَ وَلَا جِـدَالَ فِي الْحَـجِّ“.
(سورہ بقرہ، آیت:۱۹۷)
ترجمہ: ”سو جو شخص ان میں حج مقرر کرے، تو پھر نہ کوئی فحش بات ہے اور نہ کوئی بے حکمی ہے اور نہ کسی قسم کا نزاع زیبا ہے“۔

مسئلہ: اگر کسی نے حالت احرام میں عمداً (جان بوجھ کر) جماع کیا ہو؛ تو اس کا حج فاسد ہو جائے گا اور قضاء و کفارہ لازم ہوگا۔ اگر کسی نے حالت نسیان (بھول) میں جماع کیا ہو؛ تو حنفیہ، مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک اس صورت میں بھی حج فاسد ہو جائے گا اور قضاء و کفارہ لازم ہوگا؛ لیکن شافعیہ کے نزدیک حج فاسد نہیں ہوگا؛ بل کہ صرف کفارہ لازم ہوگا۔ (الموسوعہ الفقہیہ الکویتیہ: ۲۲/۲۷۶-۲۷۷)

”فسق“ سے مراد معاصی و گناہ ہے۔
كَيَـوْمِ وَلَدَتْـهُ أُمُّـهُ کی شرح کرتے ہوئے علامہ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ”کسی گناہ کے بغیر، اس کا ظاہری مطلب صغائر و کبائر (چھوٹے اور بڑے): سارے گناہوں کا معاف کیا جانا ہے“۔ (فتح الباری ۳/۳۸۲-۳۸۳)

بوڑھے، کمزور اور عورت کا جہاد

حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جِهَـادُ الْكَـبِيرِ وَالضَّـعِيفِ وَالْمَرْأَةِ الْحَجُّ وَالْعُمْرَةُ
(السنن الکبری للنسائی، حدیث: ۳۵۹۲، مسند احمد، حدیث: ۹۴۵۹، السنن الکبری للبیہقی، حدیث: ۸۷۵۹) ترجمہ: ”بڑی عمر والے، کمزور شخص اور عورت کا جہاد: حج اور عمرہ ہے“۔
ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: قُلْـتُ: يَـا رَسُـولَ اللَّهِ! أَلَا نَغْـزُو وَنُجَاهِـدُ مَعَكُـمْ؟ فَقَـالَ: لَكِـنَّ أَحْسَـنَ الْجِهَـادِ وَأَجْمَلَـهُ الْحَـجُّ، حَـجٌّ مَبْرُورٌ. فَقَالَـتْ عَائِشَـةُ: فَلَا أَدَعُ الْحَـجَّ بَعْـدَ إِذْ سَـمِعْتُ هَـذَا مِـنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
(بخاری شریف، حدیث:۱۸۶۱)

ترجمہ: میں نے کہا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد اور غزوہ میں شریک نہ ہوں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”لیکن سب سے بہتر اور اچھا جہاد حج: حج مبرور ہے“۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ”جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے؛ تو اس کے بعد سے میں حج نہیں چھوڑتی ہوں“۔

حج افضل جہاد ہے

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نقل کرتی ہیں کہ انھوں نے کہا: ”يَا رَسُولَ اللّٰهِ! نَرَى الْجِهَادَ أَفْضَلَ الْعَمَلِ، أَفَلَا نُجَاهِدُ؟ قَالَ: لَا، لَكِنَّ أَفْضَلَ الْجِهَادِ حَجٌّ مَبْرُورٌ“

(بخاری شریف، حدیث: ۱۵۲۰، السنن الکبری للبیہقی، حدیث: ۱۷۸۰۵)

ترجمہ: اے اللہ کے رسول! ہم جہاد کو افضل العمل سمجھتے ہیں، تو کیا ہم جہاد نہ کریں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”نہیں، لیکن بہترین جہاد حج مبرور ہے“۔

فقر اور گناہ کو مٹانے والے اعمال

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: أَدِيمُوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ، فَإِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوبَ كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ (المعجم الاوسط، حدیث: ۳۸۱۴)

ترجمہ: ”حج اور عمرہ پر دوام برتو؛ کیوں کہ یہ دونوں فقر اور گناہوں کو ختم کرتے ہیں، جیسا کہ دھونکنی لوہا سے زنگ کو دور کر دیتی ہے“۔

ایک دوسری حدیث ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”تَابِعُوا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، فَإِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوبَ كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ وَالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَلَيْسَ لِلْحَجَّةِ الْمَبْرُورَةِ ثَوَابٌ إِلَّا الْجَنَّةُ“

(ترمذی شریف، حدیث نمبر: ۸۱۰)

ترجمہ: ”حج اور عمرہ ایک ساتھ کیا کرو؛ کیوں کہ یہ دونوں فقر اور گناہوں کو مٹاتے ہیں جیسا کہ بھٹی لوہا، سونا اور چاندی سے زنگ ختم کر دیتی ہے اور حج مبرور کا ثواب جنت ہی ہے“۔

برائے حج خرچ کرنے کی فضیلت

ابو زہیر رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”النَّفَقَةُ فِي الْحَجِّ كَالنَّفَقَةِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ“

(مسند احمد، حدیث: ۲۳۰۰۰، شعب الایمان، حدیث: ۳۸۲۹)

ترجمہ: ”حج میں خرچ کرنا اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کی طرح، (جس کا ثواب) سات سو گنا تک ہے“۔

حاجیوں کی دعائیں

ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: "الْحَاجُّ وَالْمُعْتَمِرُ وَفْدُ اللّٰه تَعَالَى يعْطِيهِمْ مَسْأَلَتَهِمْ، وَيسْتَجِيبُ دُعَاءهِمْ، وَيقْبَلُ شَفَاعَتَهِمْ، وَيضَاعِفُ لَهِمْ أَلْفَ أَلْفَ ضِعْفٍ". (اخبار مکۃ للفاکہی، حدیث: ۹۰۲)

ترجمہ: "حج اور عمرہ کرنے والے اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی مانگ ان کو عطا فرماتے ہیں، ان کی دعاؤں کو قبول کرتے ہیں، ان کی شفارش قبول کرتے ہیں اور ان کے لیے ہزار ہزار گنا تک ثواب بڑھایا جاتا ہے"۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ الْغَازِي فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَالْحَاجُّ وَالْمُعْتَمِرُ وَفْدُ اللّٰهِ، دَعَاهُمْ فَأَجَابُوهُ، وَسَأَلُوهُ فَأَعْطَاهُمْ

(ابن ماجہ، حدیث: ۲۸۹۳)

ترجمہ: اللہ کے راستے کا مجاہد اور حج و عمرہ کرنے والے اللہ کے مہمان ہیں۔ اللہ نے انھیں بلایا؛ لہٰذا انھوں نے اس پر لبیک کہا اور انھوں نے اللہ تعالیٰ سے مانگا ہے؛ تو اللہ نے ان کو نوازا ہے"۔

حج کرنے میں جلدی کیجیے

ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"تَعَجَّلُوا إِلَى الْحَجِّ – يَعْنِي: الْفَرِيضَةَ – فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَا يَدْرِي مَا يَعْرِضُ لَهُ

(مسند احمد حدیث: ۲۸۶۷)

ترجمہ: "حج یعنی فرض حج میں جلدی کرو؛ کیوں کہ تم میں کوئی یہ نہیں جانتا کہ اسے کیا عذر پیش آنے والا ہے"۔

حج نہ کرنے پر وعید

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ مَلَكَ زَادًا وَرَاحِلَةً تُبَلِّغُهُ إِلَى بَيْتِ اللّٰهِ، وَلَمْ يَحُجَّ، فَلَا عَلَيْهِ أَنْ يَمُوتَ يَهُودِيًّا أَوْ نَصْرَانِيًّا وَذَلِكَ أَنَّ اللّٰه يَقُولُ فِي كِتَابِهِ "وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا"

(آل عمران: ۹۷) (ترمذی شریف، حدیث نمبر: ۸۱۲)

ترجمہ: "جو شخص اتنے توشہ اور سواری کا مالک ہو جائے، جو اسے بیت اللہ تک پہنچا دے، اس کے باوجود وہ حج نہ کرے؛ تو اس کے لیے کوئی ذمے داری نہیں ہے کہ وہ یہودی ہونے کی حالت میں مرے یا نصرانی، اور یہ اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتا ہے: "اور اللہ کا حق ہے لوگوں پر حج کرنا، اس گھر کا جو شخص قدرت رکھتا ہو اس کی طرف راہ چلنے کی"۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أَبْعَثَ رِجَالًا إِلَى هَذِهِ الْأَمْصَارِ، فَيَنْظُرُوا كُلَّ مَنْ كَانَ لَهُ جِدَةٌ فَلَمْ يَحُجَّ، فَيَضْرِبُوا عَلَيْهِمُ الْجِزْيَةَ،

مَا هُمْ بِمُسْلِمِينَ، مَا هُمْ بِمُسْلِمِينَ


(السنة لابی بکر بن الخلال ۵/۴۴)

ترجمہ: ”میں نے ارادہ کیا کہ کچھ لوگوں کو ان شہروں میں بھیجوں، پھر وہ ان لوگوں کی تحقیق کریں کہ جنھوں نے استطاعت کے باوجود حج نہیں کیا، پھر وہ ان لوگوں پر ٹیکس لاگو کریں؛ (کیوں کہ) وہ مسلمان نہیں ہیں، وہ مسلمان نہیں ہیں“۔

حرف آخر

حج کے اجر و ثواب جو احادیث مبارکہ کی روشنی میں لکھے گئے ہیں، وہ کسی بھی مسلمان کو حج و عمرہ کا شوق دلانے کے لیے کافی ہیں۔ جن مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ نے مال و دولت سے نوازا ہے، ان کو چاہیے کہ خود کو حج و عمرہ کے عظیم ثواب سے محروم نہ کریں؛ کیوں کہ ہم ہمہ دم نیکیوں کے حصول اور گناہوں و سیئات سے مغفرت کے سخت محتاج ہیں۔ یہ بھی ہم جانتے ہیں کہ ہماری زندگی کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے۔ یہ کاغذ کی ایک ناؤ ہے، جہاں تک پہنچ جائے غنیمت ہے۔ آپ کی یہ ڈیڑھ دن کی زندگی چلی گئی؛ تو پھر کبھی واپس نہیں آئے گی۔ پھر حج کرنے میں کیوں تاخیر!





غزہ کے بہادر اور اقصی کے قیدی

جلال الدین

وہ جو کہتے تھے کہ دشمن طاقتور ہے، ہم نہیں لڑ سکتے۔۔وہ بنی اسرائیل وادی تیہ میں دھکے کھاتے رہے۔
مگر جنہوں نے کہا:
آقا اشارہ تو فرمائیں ہم برک الغماد کو روند ڈالیں گے۔
وہ بدری بن گئے۔فاتح عالم بن گئے۔
اسی طرح اھل غزہ نے بھی یہ نہیں کہا کہ ہمارے مقابلے میں پورا عالم کفر اور اسکا سرغنہ طاقتور اسرائیل ہے بلکہ موت پر بیعت کی اور دشمن کو للکار کر میدان سجالیا
اس جھمیلے میں نہیں پڑے کہ دشمن طاقتور ہے یا برابر کا ناں ہی اس وسوسے کا شکار ہوئے کہ کوئی مصلحت اختیار کر لیں
کوئی پر امن جدوجہد کا راستہ اختیار کر لیں
مظاہروں احتجاج اور زندہ باد مردہ باد کے نعروں سے دشمن کو شکست کی سبیل نکال لیں،
نہیں بلکہ اقصی کی حفاظت جہاد عسقلان کی فضیلت اور اپنی استعداد کے مطابق ممکنہ تیاری کے بعد میدان میں کود کر معرکہ برپا کر دیا کیونکہ مجاہد یہ بات جانتا ہے کہ وہ تو ہر دو صورتوں میں کامیاب ہے کہ اگر فتح ملے تب بھی کامیابی اور اگر شہادت مل جائے تو بھی سونے پر سوہاگہ۔۔
لیکن یہاں ایک بات یاد رکھنے کی ہے کہ منکر جہاد ایک مخصوص طبقہ ہر معرکے کے درمیان ایک طرف مجاہدین کی کردار کشی کرتا ہے تو دوسری طرف کفار کے مظالم کا سبب مجاہدین کی کارروائیوں کو قرار دیتا ہے۔باوجود اس کے کہ ساری دنیا جانتی کہ حقیقت اس کے برخلاف ہے، کیونکہ جن علاقوں میں مجاہدین کی جوابی کارروائیاں نہیں ہوتیں وہاں کفر کس قدر بدمعاش بن جاتا اور ظلم ڈھاتا ہے۔۔
غزہ کی حالت تو ستر سال سے اس قدر بھیانک تھی کہ اہل غزہ و فلسطین کبھی نہتے اور کبھی پتھروں سے، کبھی غلیل سے اور کبھی چھری چاقو سے دفاع کرنے پر مجبور رہے۔
بات یہ ہے کہ مجاہدین کی کردار کشی کرنے والوں اور جھوٹا پروپیگنڈا کرنے والوں کی غیرت مر چکی اور حقیقت سے آنکھیں چرانا ان کا مشغلہ ہے۔
ورنہ اگر "عمر بن الخطاب "غزہ کو دیکھتے
تو صیہونیوں کو زمین کے چہرے سے مٹا دیتے
اور اگر * "عمرو بن العاص" * اسے دیکھتے
تو ایسا لشکر بھیجتے جس کا آغاز فلسطین میں ہوتا اور اختتام مصر میں ہوتا، اور اگر * "خالد بن الولید" * اسے دیکھتے
تو اسی تلواریں توڑ دیتے مگر ان کا دل ٹھنڈا نہ ہوتا،
اور اگر * "صلاح الدین ایوبی" * اسے دیکھتے
تو لڑائی سے پہلے ہی ان کی قبریں کھود دیتے،
اگر 17 سالہ سپاہ سالار * "محمد بن قاسم" * کسی فلسطینی بہن کی چیخ سن لیتے تو زمین کی قلابیں کھینچ کر مہینوں کا سفر دنوں میں طے کر کے مدد کو پہنچ جاتے * مگر اس وقت اس امت کے ضمیر پر فاتحہ پڑھ لو!
کیونکہ ہم پر ایسے حکمرانوں کو مسلط کیا گیا ہے جو کفار کی غلامی میں غلاموں سے بڑھ کر ہیں وفاداری میں کلب اور تابع داری میں حمار سے زیادہ تابعدار اور وفادار ہیں۔
ہمیں ایسے لوگوں کے ذریعے ذلیل کیا گیا ہے
جن میں نہ جاہلیت والی غیرت ہے اور نہ اسلام والی

مروّت!
فلسطین کااس وقت کادوسرااھم موضوع
قیدیوں کو پھانسی کی سزا کابل پاس ہوناہے جب سے اس دل دہلا دینے والی خبر سنی دل شدید پریشان اور عجیب کیفیت میں مبتلاہے۔
موسی علیہ السلام پہ ایمان لانے والے جادو گروں اور فرعون کاواقعہ یاد آرہاہے۔۔
جب فرعون نے کہا:
لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ 0
میں ضرور تمہارے ہاتھ اور پاؤں الٹے سیدھے کٹوادوں گاپھر تم سب کو سولی پر چڑھادوں گا
ایمان لانے والوں نے جوابا کہا
فَاقْضِ مَا أَنتَ قَاضٍ إِنَّمَا تَقْضِي هَٰذِهِ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا
یہ جواب جادو گروں نے فرعون کو دیا تھا۔
توجو فیصلہ کرناچاہتاہے کرلے
توبس اسی دنیا کی زندگی کافیصلہ کرسکتاہے۔۔
یعنی انہوں نے بڑی جرأت سے کہاکہ تمہاری طاقت صرف دنیا تک محدود ہے جو چاہے کرلو کیوں کہ تمہارا سارازور یہیں ختم ہونے والاہے
آخرت میں ہمارا معاملہ ہمارے رب کے ساتھ ہے۔۔۔
ان شاءاللہ
ان کامعاملہ بھی اللہ کے ساتھ ہوگا
وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ
اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے ہیں انہیں ہرگز مردہ نہ سمجھو بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں انہیں رزق دیا جاتا ہے۔۔۔
بے شمار خوشخبریاں اللہ کی راہ میں جان دینے والوں کے لئے ہیں ان میں سب سے بڑی چیز اللہ کی رضاجو ان بندوں کو حاصل ہوگی۔۔یہ سب اللہ کی طرف سے عطاکئے گئے انعامات ہیں جو شہداء کے لئے ہونگے
بے شک اللہ بندوں پر مہربان ہیں۔۔
اللہ قدردان ہیں
اپنے بندوں پہ ہونے والے ظلم کا ضرور بدلہ لینگے۔۔۔۔۔
اے اقصی کے خاطر قید ہونے والو مقدس مقامات کی بازیابی، کلمے کی سربلندی کے لئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے مجاہد وافضل ترین انسانو!
اللہ تمھیں ثابت قدمی عطافرمائے
اور رب کے جووعدے قرآن کریم میں کئے گئے اس کا مصداق بنائے آمین ثم آمین
اس بل سے افغانستان میں اشرف غنی کا مجاہدین کو پھانسیاں دینے کی دھمکیاں دینایاد آگیا، جب اس نے بہت غرور وتکبر سے مجاہدین کو پھانسی دینے کااعلان کیا تھا، لیکن چونکہ افغانستان میں جہاد کا الاو روشن تھا، سربکف مجاہدین کفری اتحاد کے خلاف بھرپور انداز میں برسرپیکار تھے، توان کی ایک دھمکی نے اشرف غنی کو افغانستان سے فرار تک اس شوق کو پورا کرنے سے روکے رکھا، بالآخر جہاد کی برکت سے پھانسی کی لسٹوں

میں موجود مجاھدین آزاد ہوئے اورآج بھی زندہ اوراسلامی نظام کی تقویت میں اپنا حصہ شامل کررہے جبکہ پھانسی دینے کا فرعونی اعلان کرنے والا اشرف غنی افغانستان سے فرار ہوچکا۔اس میں ساری دنیا کے مسلمانوں کے لیے بہت بڑا سبق ہے کہ صرف آنسو بہانے سے کچھ ہونے والا نہیں ہے امارت اسلامیہ افغانستان ہمارے سامنے ایک بہت بڑی مثال ہے، افغانستان کی طرح آپ بھی اپنے علاقے کے مجاھدین کو مضبوط کریں ان کے پشتیبان بنیں ان کے دست و بازو بنیں تاکہ مظلوموں پرظلم کے راستے روکے جاسکیں، کسی ظالم کو مظلوم مسلمانوں کو نہ جعلی مقابلوں میں مارنے کی ہمت اور ناں ہی جیلوں میں خاموشی سے پھانسیاں دینے کاخیال آئے۔

اللہ رب العزت غزہ و پاکستان سمیت تمام دنیا کے مجاھدین کاحامی وناصرہو





پاکستان امریکہ تعلقات تاریخ کے آئینے میں

اریب اطہر

پاکستان آج جن معاشی حالات سے گزر رہا اس میں پاکستان کے بڑھتے قرضوں اور ان پر دیئے جانے والے سود کی بازگشت بار بار سنائی دیتی ہے۔ ایک عرصہ تو قوم کو یہی بتایا بلکہ رٹایا گیا کہ چونکہ سویلین قیادت، سیاستدان اور بیورو کریسی چور ہے، کرپٹ ہے اس لیے ایسا ہے۔ اس میں شک نہیں ہے کہ جرنیلوں نے جنہیں اس قوم پر باری باری مسلط کیا ہے اور ری سائیکل کر کے مسلط کیا وہ کرپٹ تھے ۔ جرنیلوں کو ضرورت بھی ایسے افراد اور رہنماؤں کی رہی جو کرپشن کریں، اور اسی کرپشن کی وجہ سے وہ جرنیلوں کے احتساب سے باز رہیں، جرنیلوں کے فیصلوں پر کسی قسم کی روک ٹوک نہ لگائیں اور اس پالیسی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل کی ذمہ داری بھی خود اٹھائیں اور عوام کی گالیاں سہیں۔ لیکن ایک بنیادی حقیقت جو تاریخ کی کتب میں موجود تو رہی لیکن نظر انداز ہوئی وہ یہ ہے کہ جس وقت پاکستان بنا اس وقت اگرچہ عوام کی معاشی حالت ٹھیک نہیں تھی، لاتعداد مسائل تھے لیکن اس وقت بھی ان مسائل کی درستگی کے نام پر قرضوں کے حصول کی ابتدا نہیں کی گئی تھی بلکہ قرضوں کی ابتدا کا بنیادی سبب یہی تھا کہ اتنی بڑی فوج کے اخراجات کو کیسے پورا کیا جائے یعنی اس فوج کو سنبھالا کیسے جائے؟ صاف لفظوں میں اس وقت فوج کے اخراجات پورے کرنے کی فکر سب فکروں پر غالب تھی۔

قیوم نظامی لکھتے ہیں::

”قیام پاکستان کے وقت مالی وسائل کی سخت کمی تھی ڈھاکہ میں جی ایچ کیو ہائی کورٹ کی بلڈنگ میں قائم کرنا پڑا راولپنڈی میں جی ایچ کیو مالی مشکلات کا شکار تھا فوج کے اخراجات کے لیے 35 سے 50 ملین روپے ماہانہ کی ضرورت تھی۔ مالی حالات اس قدر دگرگوں تھے کہ پاکستان کے وزیر خزانہ چوہدری محمد علی نے گورنر جنرل پاکستان قائد اعظم کی کارری کنڈیشن کرانے کے لیے فنڈز مہیا کرنے سے انکار کردیا تھا کیونکہ خزانہ خالی تھا۔“

